The Bilingual Advantage **starts at home.**

دو لسانی فائدے کی ابتداء گھر سے ہوتی ہے۔

اپنے بچوں کے ساتھ مادری زبان بولنے کی اہمیت۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

پانچ میں سے ایک امریکی گھر میں انگریزی کے علاوہ دوسری زبان
بولتا ہے۔

اپنے بچوں سے اپنی مادری زبان میں بات کر کے، آپ انہیں ایک شاندار فائدہ دے رہے ہیں
جو ان کی ساری زندگی کام آئے گا۔

دو زبانیں بولنے کے فوائد

علمی

کچھ تحقیق سے پتہ چلا ہے کی دوزبانیں بولنے والے انسانوں میں علمی مہارت زیادہ ہوتی ہے، جس میں کلیدی معلومات پر زیادہ توجہ دینے کی قابلیت، مسئلے کو حل کرنے کی مہارت اور مختلف اقسام کے ذہنی کاموں کو آسانی سے کرنے کی صلاحیت بھی شامل ہے۔

معاشی

دو لسانی ہونے (دوزبانیں بولنے) کی وجہ سے ملازمتوں کے مواقع کھلتے ہیں—بہت سے آجر صرف انگریزی بولنے والے امیدوار کی بجائےدو زبانیں بولنے والوں کو کام پر رکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

سماجی

مادری زبان بولنے سے بچوں کو اپنی ثقافت کے ساتھ ساتھ امریکہ اور بیرون ملک انہیں بہت سے سماجی فایدے ملتے ہیں۔یہ سب دو زبانیں بولنے سے ممکن ہوتا ہے۔

ثقافتی

مادری زبان بولنے سے بچوں کو اپنی ثقافت کے ساتھ اور امریکہ اور بیرون ملک دونوں جگہ کے افراد کے ساتھ معنی خیز روابط قائم کرنے میں سہولت ملتی ہے۔

تعلیمی

بہت سی تعلیمی مہارتیں ایک زبان سےدوسری زبان میں منتقل ہوتی ہیں۔اگر آپ کے بچے اپنی مادری زبان میں پڑھنے .

لکھنے یا ریاضی کی مشق کرتے ہے.تو جب وہ انگریزی میں

اسی طرح کا کام کرلے ہیں تو یہ ان کی مدد کر سکتا ہے۔

کچھ غلط فہمیاں دور کریں

غلط فہمی

اپنی مادری زبان بولنے سے بچوں کے لئے انگریزی سیکھنا مشکل ہو جاتا ہے—یہ انہیں الجھن میں ڈال دیتا ہے۔

حقائق

اپنی مادری زبان بولنے سے بچوں کی انگریزی پر منفی اثر نہیں پڑتا ہے اور نہ ہی ان کو الجھن پیدا ہوتی ہے۔ دنیا بھر میں بیشتر لوگ بچپن میں ہی ایک سے زیادہ زبانیں سیکھتے ہیں۔

غلط فہمی

اسکول میں اور گھر پر صرف انگریزی استعمال کرنے سے بچوں کو انگریزی بہتر طور پر سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔

حقائق

ابتدائی دنوں میں مادری زبان کو اچھے سے جاننے سے بچوں کو اسکول جانے کے بعد انگریزی سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ، دو زبانوں پر مبنی تعلیم کے پروگرام انتہائی موثر ہوتے ہیں۔ اوسطاً ان پروگراموں میں طلبہ—جن کی کچھ کلاسیں ان کی مادری زبان میں ہوتی ہیں اور کچھ انگریزی میں—صرف انگریزی میڈیم میں پڑھنے والے طلباء کی نسبت انگریزی کے تعلیمی امتحانات میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں

غلط فہمی

دو دوزبانیں بولنے والے بچوں کے اندر بولنے کے مسائل پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

حقائق

دو زبانیں بولنے سے بولنے / زبان کے استعمال کا مسئلہ پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی اس کے ہونے کا امکان بڑھتا ہے۔

غلط فہمی

خود محوری اور سیکھنے کی معذوریوں والے بچوں کو صرف انگریزی سکھانی چاہیئے۔

حقائق

سبھی بچے، یہاں تک کہ آٹزم، سیکھنے کی معذوری اور زبان کی خرابی سے متاثر بچے، دوزبانیں سیکھنے کے قابل ہوتے ہیں اور اپنے خاندان اور برادری کے ساتھ اپنی مادری زبان میں بات چیت کرنے کی قابلیت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

والدین کیسے مدد کر سکتے ہیں

دوزبانیں بولنے والے بچوں کے اندر بولنے کے مسائل پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

- اپنے بچوں سے اپنی مادری زبان میں بات کریں، چاہے وہ انگریزی میں ہی جواب دیں۔
- جب بچے مادری زبان بولیں تو ان کی تعریف کریں۔
- جب وہ آپ کی مادری زبان بولنے یا دو و زبانوں کو ملا کر بولنے میں غلطیاں کرتے ہوں، تو تنقید کرنے سے گریز کریں۔ یہ زبان سیکھنے اور دو لسانی ہونے کا ایک فطری عمل ہے۔
- اگر ممکن ہو، تو اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے دو زبانوں پر مبنی کوئی پروگرام منتخب کریں۔ دو زبانوں پر مبنی پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے نیچے دی گئی ویب سائٹ پر جائیں۔
- اپنے بچوں کو اپنی مادری زبان میں پڑھنے، لکھنے، سننے اور بولنے پر عمل کرنے کے مواقع تلاش کرنے کی کوشش کریں۔
- اپنے بچوں کی ملاقات ایسے لوگوں سے کروایں جو آپ کی مادری زبان بولتے ہوں اور انھیں رشتہ داروں سے میسج اور ویڈیو کال کے ذریعے گفتگو کروایں۔ اس طرح کا کام جتنا زیادہ کریں گے، اتنا بہتر ہو گا۔
- اپنی مادری زبان میں ان کے ساتھ بیٹھ کر پڑھیں، موسیقی سنیں، گائیں، کھیلیں، یا کچھ وقت ٹی وی دیکھنے میں گزاریں۔ ان کاموں کو مزیدار بنائیں ۔
- جب آپ کا بچہ بڑا ہو رہا ہو تب بھی اپنی مادری زبان میں ہی بات چیت کریں۔ دو لسانی زبان کے مثبت اثرات تاحیات برقرار رہتے ہیں، لیکن فوائد حاصل کرنے کے لئے آپ کو اسے جاری رکھنا چاہئے۔

uofillinoisbilingual@gmail.com
bilingualadvantage.uillinois.edu